پری-ون

# اُردُو پرائمر

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

ایک قوم، ایک نصاب



پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے

# اُردُو پرائمر

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

## ایک قوم، ایک نصاب

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

# حرفِ اوّل

''اُردو پرائمر'' چار سے پانچ سال کے بچوں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ چوں کہ اس عمر میں بچوں کے سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ جن کی بہتر نشوونُما والدین اور اساتذہ کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ زیرِ نظر کتاب کے ذریعے سے اِن ودیعت کردہ صلاحیتوں کی نشوونُما اور اِن کے نکھار کے لیے بھرپور کوشش کی گئی ہے، تاکہ بچوں کی شخصیت کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہے۔ کتاب سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے اساتذہ سے درخواست ہے کہ درج ذیل نکات پیشِ نظر رکھیں:۔

کمرہ جماعت میں ایک ایسا گوشہ مختص کریں جہاں مختلف تدریسی معاونات رکھے جائیں جیسے: پرانے اخبار، گتّے سے بنے فلیش کارڈز (Flash Cards)، ریت کے ڈبّے اور پلے ڈو وغیرہ۔ اُردو زبان کے حروفِ تہجّی کا تعارف کروانے سے قبل تدریسی مہارتوں کی نشوونُما ضروری ہے۔

**سُننا:** غور سے سننے اور سمجھنے کی مہارت کے لیے مختلف سرگرمیاں ترتیب دینے کے ساتھ ساتھ کہانیاں، نظمیں، پہیلیاں اور آہنگ پر مبنی نیم منظوم سطور شامل کی گئی ہیں ان کے بارے میں تبادلۂ خیال اور پیشین گوئی وغیرہ بچوں کے فہم وادراک میں اضافہ کریں گے۔

**بولنا:** بچے کسی بھی چیز، واقعہ یا منظر کے سے متعلق بول سکیں یا گُفت گُو کرسکیں، اس مقصد کے لیے کتاب میں مختلف النوع سرگرمیاں موجود ہیں۔

**پڑھنا:** سب سے پہلے حرف کا تعارف کروائیں اور اس حرف سے شروع ہونے والے، درمیان اور آخر والے چند الفاظ دہرائیں اور حروف کی صَوتی پہچان کروائیں۔ مثلاً: 'ب' کی صوتی اور بصری پہچان کے لیے بلال، بسمہ، ربڑ، کتاب وغیرہ جیسے الفاظ دُہرائیں تاکہ بچّوں کو 'ب' کی آواز کی پہچان ہوسکے۔

اس قاعدے کے ذریعے سے ہم معلوم سے نامعلوم کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں جیسے: تصویر بچّے کے لیے معلوم، جب کہ حرف نامعلوم ہے۔

بچّوں سے اُنگلی کی مدد سے حروف لکھنے کی مشق ہوا، ریت اور زمین وغیرہ پر کروائیں۔

**لکھنا:** اُنگلیوں اور ہاتھوں کے استعمال کی غرض سے چھوٹے پٹھوں کی مہارتیں (Fine Motor Skills)، اسی طرح بازو اور جسم کے لیے بڑے پٹھوں کی مہارتوں (Cross Motor Skills) کو بروئے کار لانا ضروری ہے۔ اس ضمن میں ماہرین نے کچھ مشقیں تجویز کی ہیں، جنھیں عملی زندگی کی مشقیں (Excercises of Practical Life) کہا جاتا ہے۔ کچھ سرگرمیاں لکھائی شروع کروانے سے پہلے کروائی جاتی ہیں تاکہ بچے پنسل کو مہارت سے پکڑنا سیکھ سکیں، مثلاً:

- فوم سے پانی جذب کرنا اور نچوڑنا
- چکنی مٹّی یا پلے ڈو سے چھوٹی چھوٹی چیزیں بنانا
- کلِپ کو کھولنا اور بند کرنا
- رنگ بھرنا

حروف کے خاندان کا تعارف نقطوں کی مدد سے کروائیں مثلاً: 'ج' کے پیٹ میں ایک نقطہ 'ت' کے اوپر دو نقطے اور 'ڈ' کے سر پر ٹوپی وغیرہ۔

کتاب میں دی گئی عملی سرگرمیوں کو یقینی بنائیں اور مزید سرگرمیاں ترتیب دیں تاکہ فعال طریقۂ تدریس سے بچّے جو سیکھیں وہ اُنھیں تادیر یاد رہے۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

نئے حروفِ تہجّی سکھاتے وقت مسلسل دہرائی/ اعادہ کو اپنا معمول بنائیں تا کہ بچّے تمام حروف پر مکمل عبور حاصل کر سکیں۔

اُردو زبان کی مہارتوں کو شخصیت کی نشوونما، صحت وصفائی، اپنی حفاظت، اچھی عادات اور اخلاقیات کے ساتھ مربُوط کرنے کی کوشش کی گئی ہے لہٰذا دی گئی سرگرمیوں کے مطابق ان مہارتوں کے ذریعے سے بچّوں کے اندر ان خصوصیات کی نشوونما بھی یقینی بنائیں۔ ذہنی آزمائش کی سرگرمیوں میں بچّوں کی راہ نمائی اور حوصلہ افزائی کریں۔

زیرِ نظر پرائمر کے ذریعے سے بچّوں کی ذِہنی، جسمانی، اَخلاقی، نفسیاتی اور لسانی نشوونُما کو ملحوظ رکھتے ہوئے خاص طور پر ایسی سرگرمیاں ترتیب دی گئی ہیں جو بچّے کی جبلّی نشوونما میں اہم کردار ادا کریں گی۔ اس مقصد کے موزوں حصول کے لیے چند ایک گزارشات پیشِ خدمت ہیں، جنھیں اساتذہ کرام خاص طور پر پیشِ نظر رکھیں:۔

1۔ نئے تصّورات سکھانے اور سبق پڑھانے کے بعد ان کا اعادہ اور مشق مختلف دل چسپ سرگرمیوں کی مدد سے کروائیں۔

2۔ بچّوں کی مدد سے کمرہ جماعت کے اصول وضوابط مقرر کریں، سبق شروع کروانے سے قبل آمادگی کی سرگرمیاں کروائیں تا کہ بچّوں کی سبق میں دل چسپی اور رغبت بڑھے۔

3۔ تصوّرات کی تفہیم مناسب سرگرمیوں کی مدد سے کروائیں جیسے، کچھ بچے بصری طریقے یعنی Visual سے، کچھ چُھو کر یعنی Tactile سے اور کچھ بچے سمعی یعنی Auditorial طریقے سے سیکھتے ہیں۔

4۔ 'کھیل کھیل میں' کی طرز پر کتاب میں موجود تصورات پڑھائیں اور سمجھائیں تا کہ بچّوں میں پڑھنے لکھنے سے محبت اور لگاؤ پیدا ہو جیسے، پاسنگ دا پارسل (Passing the Parcel)، میوزیکل چیئر (Musical Chair)، دوڑ (Race)، کُودنا (Jumping) اور رسّی کُودنا (Skipping) وغیرہ۔

5۔ جہاں کہیں کتاب میں والدین کے لیے راہ نمائی اور شمولیت کا ذکر ہے، وہاں اساتذہ والدین کی شمولیت کو یقینی بنائیں۔

6۔ پہلے دن سے بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ اُن میں خود اعتمادی پیدا ہو۔ کمرہ جماعت میں لائبریری کا گوشہ بنائیں جس میں بچّوں کی عمر اور دل چسپی کے مطابق کتابیں رکھی جائیں۔ بچّوں میں کتابیں پڑھنے کے لیے محبت پیدا کریں اور انھیں کتابوں کی دیکھ بھال کے طریقے سکھائیں۔

7۔ جماعت میں سرگرمی کے گوشے میں حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز، سینڈ ٹرے (Sand Tray) اور سینڈ حروفِ تہجّی رکھیں۔ بچّوں کو سینڈ ٹرے (Sand Tray) اور سینڈ پیپر (Sand Paper) کے ذریعے سے حروفِ تہجّی کی پہچان کروائیں۔

8۔ بچّوں کو چلنے پھرنے، اُٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے اور گُفت گُو کے آداب سکھائیں۔

9۔ بچّوں کو آپس میں مِل جُل کر رہنے اور کام کرنے کی ترغیب دیں۔ کتاب میں ایسی سرگرمیاں شامل ہیں جن سے یقیناً بچّوں میں معمولاتِ زندگی کو بہتر طریقے سے سرانجام دینے کا رجحان، شوق اور حوصلہ پیدا ہوگا۔

10۔ بچّوں میں صلہ رحمی، برداشت اور ہمدردی کا جذبہ پیدا کریں تا کہ وہ نرمی سے بات کریں اور لڑائی جھگڑا نہ کریں، کسی کا مذاق نہ اُڑائیں،

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

بڑوں کی بات توجہ سے سنیں اور پیار محبت سے مل جل کر رہیں۔

11۔ اساتذہ بچوں کی اخلاقی تربیت اور کردار سازی پر خاص توجہ دیں۔

ابتدائے بچپن کی تعلیم سے متعلق بنیادی/ابتدائی نقش پیشِ خدمت ہے، آپ کی قیمتی تجاویز اور آرا کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ شکریہ!


## تجرباتی ایڈیشن

**زیرِ نگرانی:** **محمد رفیق طاہر**، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

**فوکل پرسن پنجاب برائے یکساں قومی نصاب:** **عامر ریاض**، ڈائریکٹر (کریکولم)، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

**مصنف:** طاہر محمود (رکن یکساں نصاب کمیٹی، ماہر تربیتِ اساتذہ)

### اراکین قومی جائزہ کمیٹی

۱۔ فریدہ صادق (پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ)

۲۔ رفیعہ ناز جدون (نظامت نصاب تعلیم اساتذہ، خیبر پختونخوا)

۳۔ فہمیدہ علی (بیورو آف کریکولم، بلوچستان)

۴۔ آمنہ طارق (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)

۵۔ عدیلہ ستار (ایف جی ای آئی، کینٹ اینڈ گیریژن)

۶۔ ملکہ سلطانہ (گلگت بلتستان)

۷۔ یاسمین محبوب (آغا خان ایجوکیشن سروس)

۸۔ خدیجہ خان (پاکستان الائنس فار ارلی چائلڈ ہڈ)

۹۔ ثمینہ غفور (نمائندہ پرائیویٹ سکول)

**تکنیکی معاونت:** نگہت لون، اسفندیار خان

**ڈائریکٹر مسودات:** محمد سلیم ساگر

**ایکسٹرنل ریویو:** حمیرا محمود

**ڈپٹی ڈائریکٹر (آرٹ اینڈ ڈیزائن):** غلام محی الدین

**السٹریٹرز:** مہربانو محمود، آیت اللہ

**ڈیسک آفیسر:** صائمہ عباس محمود (قومی نصاب کونسل)

**نگران:** ظہیر کاشر وٹو، سرفراز احمد فتیانہ

**لے آوٹ/ڈیزائننگ:** احمد نواز، سید محمد علی جاوید، علیم الرحمٰن

**کمپوزنگ:** حافظ عبدالحنان احمد، عمیر طارق


Web Version of PCTB Textbook Not For Sale



# مُعاوِن علامات




برائے اساتذہ کرام


اَخلاقیات


حِفاظت



حُبُّ الوطنی


تجزِیہ کاری


سرگرمی


برائے والدین


تصوّر


ٹیکنالوجی


کہانی



ذخیرۂ الفاظ

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق اور قومی نظرِ ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔
جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | حمد | 1 |
| 2 | نعت | 2 |
| 3 | بچے کی دُعا | 3 |
| 4 | خُوش آمدید | 4 |
| 5 | کلاس رُوم اور کھیل کے آداب | 6 |
| 6 | دوسروں کا خیال رکھنا | 7 |
| 7 | ہمارا دیس | 9 |
| 8 | اپنی حفاظت | 10 |
| 9 | میرا تعارف | 11 |
| 10 | حرف 'ا' | 12 |
| 11 | حرف 'آ' | 15 |
| 12 | اِسلام کے ارکان | 18 |
| 13 | حرف 'ب' | 19 |
| 14 | حرف 'پ' | 22 |
| 15 | حرف 'ت' | 25 |
| 16 | حرف 'ٹ' | 28 |
| 17 | اشارے ٹریفک کے | 31 |
| 18 | تانگا، رکشا، بس اور موٹر | 32 |
| 19 | حرف 'ث' | 33 |
| 20 | اعادہ ا تا ث | 36 |
| 21 | احساس | 37 |
| 22 | حرف 'ج' | 39 |
| 23 | حرف 'چ' | 42 |
| 24 | حرف 'ح' | 45 |
| 25 | حرف 'خ' | 48 |
| 26 | چار دوست | 51 |
| 27 | اعادہ ج تا خ | 52 |
| 28 | کچھوا اور خرگوش | 53 |
| 29 | واحد۔ جمع | 55 |
| 30 | حرف 'د' | 56 |
| 31 | حرف 'ڈ' | 59 |
| 32 | حرف 'ذ' | 62 |
| 33 | شرارتی بندر | 65 |
| 34 | حرف 'ر' | 67 |


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 35 | حرف 'ڑ' | 70 |
| 36 | حرف 'ز' | 73 |
| 37 | حرف 'ژ' | 76 |
| 38 | اعادہ د تا ژ | 79 |
| 39 | حرف 'س'، سورج مکھی | 80 |
| 40 | حرف 'ش' | 84 |
| 41 | حرف 'ص' | 87 |
| 42 | حرف 'ض' | 90 |
| 43 | حرف 'ط' | 93 |
| 44 | حرف 'ظ' | 96 |
| 45 | اعادہ س تا ظ | 99 |
| 46 | میرا خاندان | 100 |
| 47 | حرف 'ع' | 101 |
| 48 | حرف 'غ' | 104 |
| 49 | حرف 'ف' | 107 |
| 50 | حرف 'ق' | 110 |
| 51 | حرف 'ک'<br>کتاب کی کہانی، کتاب کی زبانی | 113 |
| 52 | حرف 'گ' گائے اور کسان | 117 |
| 53 | حرف 'ل' | 121 |
| 54 | اعادہ ع تا ل | 124 |
| 55 | حرف 'م' | 125 |
| 56 | حرف 'ن' | 128 |
| 57 | حرف 'و' | 131 |
| 58 | حرف 'ہ' | 134 |
| 59 | حرف 'ء' | 137 |
| 60 | حرف 'ی' | 140 |
| 61 | حرف 'ے' | 143 |
| 62 | اعادہ ن تا ے | 146 |
| 63 | لکھائی کی مشق: ا تا ے | 147 |
| 64 | بھاری آوازیں | 148 |
| 65 | مصوتوں کی پہچان | 152 |
| 66 | ارکان سازی | 153 |
| 67 | تخلیقی لکھائی | 156 |
| 68 | رموزِ اوقاف سیکھیں | 157 |


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



# حمد

پیار بھرا ہر ایک اشارہ
پیارا اس کا ہر نظّارہ

جس نے زمیں پر پیار اُتارا
وہ خود ہو گا کتنا پیارا

پیار کا اُس کے نہیں شمار
اللہ ہے بس پیار ہی پیار

(خلیل اللہ فاروقی)

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

حمد بچوں کو ترنّم کے ساتھ پڑھائیں۔ استاد بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں:۔

1۔ ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

2۔ دنیا میں موجود تمام چیزیں کس نے بنائی ہیں؟

# نَعْت



وہ حَق کی باتیں بتانے والے
وہ سیدھا رَستہ دکھانے والے

وہ رَاہ بَر ، رَہ نُما ہمارے
نبیؐ ہمارے ، نبیؐ ہمارے

دُرُود اُن پر، سلام اُن پر

(صُوفی غلام مصطفیٰ تبسّم)

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرتِ طیبہ کامل نمونہ ہے۔
- بچوں کو حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرتِ طیبہ کے بارے میں بُنیادی باتیں بتائیں۔





# بچّے کی دُعا



لَب پہ آتی ہے دُعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دُور دنیا کا مِرے دَم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے

ہو مِرے دَم سے یونہی میرے وطن کی زِینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زِینت

زندگی ہو مِری پروانے کی صورت یا رب
عِلْم کی شمع سے ہو مجھ کو محبّت یا رب!

ہو مِرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

میرے اللہ! بُرائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو، اُس رَہ پہ چلانا مجھ کو

(علّامہ محمد اقبالؒ)

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- علّامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ ہمارے قومی شاعر ہیں۔ اُنھوں نے بچوں کے لیے بہت سی نظمیں لکھی ہیں۔ بچوں کو علّامہ صاحب کی مزید نظمیں بھی سنائیں۔
- بچوں کے ساتھ اس دُعا کو ترنّم سے پڑھیں اور اس دُعا کے معنی و مفہوم پر روشنی ڈالیں۔

# خُوش آمدید



خوش آمدید خوش آمدید
خوش آمدید خوش آمدید

سکول کا دن آیا ہے
خوشیاں ساتھ لایا ہے

مل کر ہم سب پڑھیں گے
سب سے آگے بڑھیں گے

خوش آمدید خوش آمدید
سکول کا دن آیا ہے

امّی نے ناشتا کرایا ہے
بستہ میں نے اٹھایا ہے


ابّو نے ہارن بجایا ہے
دادی نے گلے لگایا ہے

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



خوش آمدید خوش آمدید
سکول کا دن آیا ہے

چوکی دار کو کِیا سلام
آیا نے لِیا بستہ تھام



اب سب سے نام بھی پوچھیں گے
اور اپنا نام بتائیں گے




کھیلیں گے دوست بنائیں گے
اور پیار سے بڑھتے جائیں گے



خوش آمدید خوش آمدید
سکول کا دن آیا ہے
خوشیاں ساتھ لایا ہے



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو بتائیں کہ آپ کے گھر میں جب کوئی تشریف لائے تو اُسے ''خوش آمدید'' کہتے ہیں۔
- بچوں کے گروپ بنوائیں اُن سے "السّلام علیکم" اور "وعلیکم السّلام" کی مشق کروائیں۔
- یہ نظم بچوں کے ساتھ مل کر ترنّم سے پڑھیں۔

# کلاس رُوم اور کھیل کے آداب




ہم خاموش رہیں گے



میں اپنی باری پر پڑھوں گی



ہم چیزوں کو اُن کی جگہ پر رکھیں گے



ہم جماعت کو صاف رکھیں گے



ہم ایک دوسرے کا خیال رکھیں گے


## کھیل



ہم مُسکرا کر ملیں گے



ہم کسی کو دھکا نہیں دیں گے



ہم مِل جُل کر کھیلیں گے



ہم اپنی باری کا انتظار کریں گے

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# دُوسروں کا خیال رکھنا



عید قریب تھی۔ زینب اور عُمر بہت خوش تھے۔ وہ اپنے امّی ابّو کے ساتھ بازار گئے۔ زینب نے چوڑیاں اور عُمر نے جوتے خریدے۔ وہ کیلے کھا رہے تھے کہ ایک معذور بچّہ اُن کے پاس آیا۔ عُمر اُسے دیکھ کر اُداس ہو گیا۔ اُس کی امّی نے اِس بچّے کو بھی عید کا تحفہ دیا اور امّی نے انھیں بتایا کہ ہمیں ہمیشہ دوسروں کا خیال رکھنا چاہیے۔

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو درج بالا کہانی بلند آواز میں پڑھ کر سنائیں اور انھیں بتائیں کہ ہمیں معذوری کا شکار بچوں کے جذبات اور احساسات کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

# اِحساسات کے مختلف انداز




Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں سے سوالات کے ذریعے سے اُن کے احساسات پر بات کریں۔
- بچوں کو احساسات کی پہچان اوپر دی گئی تصاویر کی مدد سے کروائیں۔
- بچوں سے تصاویر میں رنگ بھروائیں۔

# ہمارا دیس



دیس ہمارا ہم کو پیارا
ہم سب کی آنکھوں کا تارا
اپنے دیس پہ ہم قُربان
دیس ہمارا پاکِستان

اِس کی خُوشی آرام ہمارا
اِس کے نام سے نام ہمارا
اِس کی شان ہماری شان
دیس ہمارا پاکِستان

آزادی ہے شان ہماری
آزادی ہے آن ہماری
آزادی اپنا اِیمان
دیس ہمارا پاکِستان

آؤ خُوشی سے مِل کر گائیں
دُنیا میں یہ دُھوم مَچائیں
دیس ہمارا پاکِستان
دیس ہمارا پاکِستان

(صُوفی غلام مصطفیٰ تبسّم)



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کے ساتھ مِلّی نغمہ ترنّم کے ساتھ پڑھیں۔
- وطن سے پیار اور آزادی کی اہمیّت کو اجاگر کرنے کے لیے اسمبلی / کمرہ جماعت میں حبّ الوطنی سے متعلق رول پلے کروائیں۔

# اپنی حفاظت



بچّو پتے کی بات یہ جانو
اجنبی کا نہ کہا تم مانو



آگ کے پاس تم نہ جاؤ
دوستوں کو بھی یہ بتلاؤ

بجلی کے ہیں فائدے ہزار
پر احتیاط لازم ہے ہر بار




گھر سے اکیلے تم نہ نکلو
اپنی حفاظت کرنا سیکھو

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

بچوں کو بتائیں کہ خطرناک چیزوں مثلاً: آگ اور بجلی کے آلات وغیرہ سے ہمیشہ دور رہیں۔

بچوں کو اجنبی لوگوں سے دور رہنے کی ہدایت کریں اور تحفظِ اطفال (Child Protection) سے متعلق موزوں تدابیر سے آگاہ کریں۔

# میرا تعارف

آپ کا نام کیا ہے؟

آپ کو کون سا رنگ اچھا لگتا ہے

آپ کی عمر کیا ہے؟

آپ کہاں رہتے ہیں؟

اپنے پسندیدہ پھل کا نام بتائیں؟

آپ بڑے ہو کر کیا بنیں گے؟

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں سے اُن کی پسندیدہ چیزوں اور رنگوں کے بارے میں بات کریں۔
- اوپر دیے گئے خالی ڈبّے میں اپنی تصویر چسپاں کریں۔

# ا

ایک انار بڑا مزے دار
کھانے والے اس کو ہزار





**اکرم** بہت پیارا بچّہ ہے۔ وہ پھل لینے اپنے **ابّو** کے ساتھ بازار گیا۔ انھوں نے **انار** اور **انگور** خریدے۔ **اکرم** کو **انگور** کھانے کی جلدی تھی۔ اُس نے **انگور** کی طرف ہاتھ بڑھایا تو **ابّو** نے اُسے روک دیا اور سمجھایا کہ پھل ہمیشہ دھو کر کھاتے ہیں۔ **ابّو** نے گھر جا کر اکرم کو **انگور** دھو کر کھلائے۔ اُس نے **ابّو** کا شکریہ ادا کیا۔

**برائے اساتذہ:**


- تصویروں کی مدد سے بچوں سے پھلوں کے نام پوچھیں اور نام دہرا کر "الف" کی آواز نکالیں۔ بچوں کو حرف "الف" کی صوتی پہچان کروائیں۔ کمرہ جماعت میں حرف "الف" سے شروع ہونے والی اشیا اکٹھی کر کے سرگرمی کروائیں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** اناج، انڈا، اَچار، اِستری، اُلّو۔

**سوچ کر بتائیں!**
ہمیں پھل دھو کر کیوں کھانے چاہییں؟

# ا



انڈا



اَمرُود



اَنار



اَنگوٹھی

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ا

"ا" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| ٹ | ب | ث |
| پ | ح | ا |
| ق | د | ن |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔


# آ

آم والا آیا ہے

میٹھے آم لایا ہے







آلُو



آم

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- تصویروں کی مدد سے بچّوں سے پھلوں اور سبزیوں کے نام پوچھیں اور نام دہرا کر "آ" کی آواز نکالیں۔
- بچّوں سے آم اور آلُو کے بارے میں سوالات پوچھیں۔
- بچّوں کے ساتھ پھلوں کا دن منائیں۔
- بچّوں کو "آ" والے الفاظ کی صحیح ادائی کے ذریعے سے حرف "آ" کی آواز کی پہچان کروائیں مثلاً: آج، آپ، آگ وغیرہ۔
- ذخیرۂ الفاظ: آم، آڑو، آواز، آری، آلُو، آملہ۔

**سوچ کر بتائیں!**

آلُو سے کیا کیا بنتا ہے؟


# آ

| | | |
|---|---|---|
| آ | آ | آ |
| آ | آ | آ |
| آ | آ | آ |
| آ | آ | آ |
| آ | آ | آ |

آم




آنکھ



آڑو



آرِی



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

آ

"آ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٹ | ب | ا |
| آ | ح | پ |
| ج | س | ق |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# اسلام کے ارکان

تعوّذ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ


تسمیّہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اسلام کے بُنیادی ارکان ہیں:

کلمۂ توحید



نماز (صلوٰۃ)



زکوٰۃ



روزہ (صَوم)



حج



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

بچوں کو ان کی عمر اور ذہنی صلاحیتوں کے مطابق دینِ اسلام کے بنیادی ارکان سے روشناس کروائیں۔

ارکانِ اسلام کو پانچ ہفتوں میں تقسیم کر کے ہر ہفتہ ایک رکن کے لیے مختص کریں۔ اس ہفتے میں مختلف سرگرمیوں کی مدد سے بچوں کو دلچسپ انداز سے معلومات دیں۔ مثال کے طور پر گوشہ ٹائم، اسمبلی رول پلے، والدین کی راہ نمائی، چارٹ وغیرہ۔

# ب

بکری میں میں کرتی ہے
سب کو پیاری لگتی ہے





کسی گاؤں میں ایک لڑکا **بابر** رہتا تھا۔ اس کو **بندر** کا تماشا اور **بطخ** کو پانی میں تیرتے ہوئے دیکھنا اچھا لگتا تھا۔ ایک دن وہ بندر کا تماشا دیکھ رہا تھا کہ ایک اور بچے **بدر** نے بندر کو پتھر مارا۔ بابر نے اُس کو سمجھایا کہ جانوروں کو تنگ نہیں کرتے۔

**برائے اساتذہ:**


- بچوں سے تصویر کے متعلق بات کریں اور کہانی سنائیں۔
- بچوں کو بتائیں کے ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے۔
- ذخیرۂ الفاظ: بال، بسکٹ، بلی، بکری، بندر۔

سوچ کر بتائیں!
بابر نے بدر کو کیا سمجھایا؟






باجا




بطخ



بکری




بستہ



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale






"ب" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| ب | ح | ث |
| ا | ب | پ |
| ب | ا | ن |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# پ

| | | | |
|---|---|---|---|
| پَالک | سَبزی | نِرالی | ہَے |
| بڑی | طَاقَت | وَالی | ہَے |



پالک



پَر



پنیر



پرندہ


**برائے اساتذہ:**

بچوں سے پالک کے فوائد کے بارے میں بات کریں۔
بچوں کو "پ" سے شروع ہونے والے جسم کے حصّوں کے نام بتائیں، مثلاً پیٹ، پلکیں، پیر، پسلیاں۔
بچوں کو "پ" سے شروع ہونے والی اہم چیز یعنی پانی سے متعلق معلومات دیں۔
ذخیرۂ الفاظ: پیڑ ، پسند ، پنیر، پہاڑ، پَر ، پرندہ۔

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**
پاکستان کا قومی پرندہ چکور ہے۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale


# پ



پلنگ



پَر



پنکھا



پتّا

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# پ

"پ" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| ط | ح | ث |
| ا | ب | م |
| ب | پ | ن |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

تِتلی اُڑتی پھِرتی ہے
رَنگوں سے یہ بَھری ہے
سَب کو بَھلی لَگتی ہے
ہَاتھ لَگاؤ تو ڈَرتی ہے

# ت




Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

تانیہ ایک **سمجھ دار** بچّی ہے۔ اس کا پسندیدہ پھل **تربوز** ہے۔ جسے وہ گرمیوں میں اکثر اپنی دوستوں کے ساتھ مل کر کھاتی ہے۔ اُن کے گھر کے پاس ایک **تالاب** بھی ہے۔ وہ اپنی امّی کے ساتھ تالاب کی سیر کرنے گئی جہاں اُسے بہت سی **تتلیاں** اُڑتی ہوئی نظر آئیں۔ جب وہ **تتلی** پکڑنے کے لیے دوڑی تو اُس کی امّی نے اُسے منع کر دیا۔


**سوچ کر بتائیں!**

تانیہ کی امّی نے اُسے کیوں منع کیا؟

**برائے اساتذہ:**

- تصویر اور کہانی سے متعلق "کیوں" سے شروع ہونے والے سوالات پوچھیں یعنی: تتلی پھولوں پر کیوں ہوتی ہے؟ تاکہ بچوں کے اندر تجسس اور تجرباتی حس فروغ پائے۔
- جماعت میں "ت" سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پکاریں اور بچوں سے تالی بجوائیں۔ بچوں کو گھر، پارک اور تالاب کو صاف ستھرا رکھنے کی تاکید کریں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** تارے، تاج، تختی، تسبیح، تعلیم، تجارت۔

# ت






تالا



تارے



تَسبیح



تِتلی

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

ت

"ت" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ل | ب | ث |
| پ | ت | ا |
| ق | ا | ص |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ٹ

ٹَماٹر کتنے لال ہیں
ہَرے اِن کے بَال ہیں

ٹوکری



ٹوپی



ٹَماٹر



Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو ٹماٹر کے فوائد بتائیں۔
- بچوں سے "ٹ" سے شروع ہونے والی چیزوں کی فہرست بنوائیں۔
- بچوں سے ٹرک کا ماڈل کم خرچ اور بغیر خرچ اشیا سے بنوا کر رنگوں کے مختلف نمونے بنوائیں۔
- ٹیلی فون پر بات کرنے کا رول پلے کروائیں۔

ذخیرۂ الفاظ: ٹوکری، ٹماٹر، ٹرک، ٹوپی۔

**سوچ کر بتائیں!**


کیا آپ نے کبھی ٹماٹر کی چٹنی کھائی ہے؟

# ٹ

ٹیلی فون




ٹوپی



ٹریکٹر



ٹوکری



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

ٹ

"ٹ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ط | ب | ث |
| پ | ت | م |
| ٹ | ا | ت |

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

ٹ ٹ ٹ ٹ

ٹ ٹ ٹ ٹ

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# اشارے ٹریفک کے



علی اپنے ابّو کے ہمراہ سڑک پار کرنے لگا تو ابّو نے اُس کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا: علی بیٹا! سڑک دھیان سے پار کرتے ہیں۔ پیدل سڑک پار کرنے والوں کے لیے زیبرا کراسنگ ہوتی ہے۔ اگر کہیں زیبرا کراسنگ نہ ہو تو ہمیں سُرخ بتّی جلنے کا انتظار کرنا چاہیے۔ وہ کیوں ابّو جان؟ علی بولا۔ ابّو نے بتایا کہ جب سُرخ بتی جلتی ہے تو تمام گاڑیاں رُک جاتی ہیں۔ پھر ہم زیبرا کراسنگ کے ذریعے سے سڑک پار کر سکتے ہیں۔ علی نے پوچھا: ابّو جان! پھر یہ پیلی اور سبز بتّیاں کس لیے ہیں؟ ابّو نے بتایا پیلی بتّی کا مطلب ہے چلنے کے لیے تیار ہو جائیں اور سبز بتّی کا مطلب ہے کہ اب گاڑیاں چل پڑیں۔ لہٰذا ہمیں دائیں بائیں دیکھ کر احتیاط سے سڑک پار کرنی چاہیے۔



Web version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کے متعلق سوال پوچھیں۔
- جماعت میں ٹریفک کے اشارے بنا کر رول پلے کروائیں تا کہ بچے پیدل اور سوار دونوں صورتوں میں ٹریفک کے اشاروں پر عمل کر سکیں۔

# تانگا، رکشا، بس اور موٹر



چھک چھک کرتی چلتی جائے
ریل ایسا شور مچائے



تانگا ، ٹم ٹم چلتا جائے
رکشا دیکھو شور مچائے



موٹر وے پہ چلتی کار
جس کے نیچے پہیّے چار



بس کا بجا ہارن لو
ہٹو بچّو! رستہ دو


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو تصویروں کی مدد سے ٹریفک کی آوازوں کی پہچان کروائیں۔
- بچوں سے کھلونا ریل گاڑی بنوائیں۔

# ث

بڑی ٹوکری میں ثمر لائے
میرے گھر مہمان آئے




Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

ثنا بہت پیاری بچی ہے۔ ایک دن وہ اپنے امّی ابّو کے ساتھ چچا کے گھر اُن کی عیادت کے لیے گئی۔ راستے میں اُس کے امّی، ابّو نے پھل خریدے۔ ثنا کے پوچھنے پر اُنھوں نے بتایا کہ بیمار کی عیادت کرنا ثواب ہے اور اپنے ساتھ پھل یا پھول لے کر جانا اچھا سمجھا جاتا ہے۔

**برائے اساتذہ:**

- ثمر کی تصویر میں موجود پھلوں کی تصویری کہانی بنوا کر رنگ بھروائیں۔
- بچوں سے مریض کی عیادت کا رول پلے کروائیں۔
- بچوں کو موسمی پھلوں کے نام بتائیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: ثمر۔ ثواب۔ ثنا۔ ثُلث۔ ثوبیہ۔ ثروت۔

**سوچ کر بتائیں!**
مریض کی عیادت کیوں کرنی چاہیے؟

# ث


ثمر



آم کا خاکہ بنائیں

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



"ث" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ث | ب | ت |
| پ | ت | ا |
| ق | ا | ح |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# اِعادہ



ث




ا



پ



ب



ٹ



ت

حروف کو تصاویر سے ملائیں۔

WWW version of PCTB Textbook
Not For Sale

# دوستی

مریم نے زاہدہ سے پوچھا: تم کیوں عینی کو پریشان کرتی ہو؟

زاہدہ بولی: مجھے تو اسے تنگ کرنے میں مزا آتا ہے۔



مریم بولی: زاہدہ! یہ بُری بات ہے۔کل تم نے اُس کے رنگ پر اُس کا مذاق اُڑایا اور آج اُس کے کھلونے چھین لیے۔ اتنے میں سکول کی گھنٹی بجی اور تفریح ختم ہوگئی۔

چُھٹّی کے وقت سب بچے قِطار بنا کر گیٹ کی طرف جا رہے تھے کہ زاہدہ کو ٹھوکر لگی۔

وہ گرنے ہی لگی تھی کہ کسی نے اُسے سہارا دیا۔

زاہدہ نے مڑ کر دیکھا تو عینی اُس کو سہارا دیے کھڑی تھی۔

زاہدہ کو بہت حیرت اور شرمندگی ہوئی کیوں کہ وہ تو اس کو پریشان کرتی تھی لیکن پھر بھی عینی نے اُس کی مدد کی۔



زاہدہ نے عینی سے معافی مانگی اور دوستی کر لی۔

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو کہانی سنا کر بچوں سے استفسار کریں کہ ہمیں مل جُل کر کیوں رہنا چاہیے؟ بچوں کو بتائیں کہ کسی کے رنگ، نسل، قد، اور شکل وصورت کی وجہ سے اُس کا مذاق نہ اُڑائیں۔ اگر ہم سے کوئی غلطی ہو جائے تو اُس کے لیے معافی مانگنا اچھی بات ہے۔
- بچوں سے جماعت میں کہانی پر رول پلے کروائیں۔

# ج

جلیبی ہے بڑی مزے دار
کھانے کو ہیں ہم تیّار




عید کے تہوار پر جمال کے والدین نے غریب بچوں میں مٹھائی تقسیم کرنے کا سوچا۔ جمال اپنے والد کے ساتھ مٹھائی کی دُکان پر گیا۔ اُنھوں نے تازہ اور گرم جلیبیاں خریدیں۔ جلیبیاں لے کر وہ اپنے محلّے کی طرف چل پڑے۔ جمال نے بچوں کو آواز دی اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے گرد بچے جمع ہو گئے۔ جمال نے بچوں میں جلیبیاں تقسیم کیں اور وہ خُوشی خُوشی گھر لوٹ آیا۔


**برائے اساتذہ:**

- بچوں سے مختلف روایتی مٹھائیوں کے بارے میں بات کریں اور نام بتائیں۔
- بچوں کو مختلف تہواروں پر ضرورت مندوں کی مدد کرنے کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو جراثیم کے پھیلنے اور بچاؤ سے متعلق کوئی سرگرمی کروائیں۔
- بچوں سے پلے ڈو یا چکنی مٹی سے جلیبی بنوائیں۔


**ذخیرۂ الفاظ:** جلیبی، جہاز، جُوتا، جال، جمال، جمیل، جاوید۔

**سوچ کر بتائیں!**
جلیبی کس چیز سے بنتی ہے؟


# ج



جہاز



جال




جگ



جُوتا

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



"ج" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ج | ف | پ |
| ت | خ | ح |
| ج | چ | ش |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# چ

چڑیا چُوں چُوں کرتی ہے
دانہ دُنکا چُگتی ہے





Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

چاند کو چاکلیٹ بہت پسند ہے۔ ایک دن اُس نے بازار سے چاکلیٹ خریدی اور مزے سے کھانے لگا، کھاتے کھاتے اسے دھیان ہی نہ رہا کہ وہ فُٹ پاتھ سے اُتر کر سڑک کی طرف بڑھ گیا ہے، جیسے ہی وہ آگے بڑھا تو ایک بزرگ نے اُس کا ہاتھ پکڑ کر اسے ایک طرف کر دیا اور سمجھایا کہ سڑک کے درمیان نہیں چلتے۔ ہمیشہ فُٹ پاتھ یا سڑک کے کنارے چلنا چاہیے۔ چاند نے بڑے ادب سے اُس نیک بزرگ کا شکریہ ادا کیا اور اپنے گھر کی راہ لی۔

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو سڑک پار کرنے اور بڑوں کی بات توجہ سے سننے کے آداب اور فوائد بتائیں۔
- بچوں کو میٹھی چیزوں مثلاً: چاکلیٹ، چینی، ٹافی وغیرہ کھانے کے نقصانات سے آگاہ کریں۔
- ذخیرۂ الفاظ: چاکلیٹ، چالاک، چیتا، چینی، چاک۔


**سوچ کر بتائیں!**
بازار اور سڑک پر چلتے ہوئے ہمیں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟




چمچ



چابی




چینک



چاند





پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# چ



"چ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| چ | ف | پ |
| ت | ج | ل |
| ج | د | ح |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ح

حَلوائی نے بنایا سُوجی کا حلوا
سَب نے کھایا سُوجی کا حلوا



حلوا



حلوائی

حلوائی نے بنایا سُوجی کا حلوا
سب نے کھایا سُوجی کا حلوا
سُوجی، چِینی، گھی اور پَانی ڈالا
حَلوے کی خُوشبو اور رَنگ نِرالا
بادل گرَجا، بَارِش آئی
خُوش خُوش سب نے عید منائی

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

بچوں کو روایتی حلووں کے بارے میں بتائیں۔ بچوں سے "ح" سے شروع ہونے والی چیزوں اور کھانوں کے بارے میں پوچھیں مثلاً: حلوا، حلیم وغیرہ۔

**ذخیرۂ الفاظ:** حق، حلوائی، حفاظت، حقیر، حاتم، حاجی۔

**سوچ کر بتائیں!**
کھانے کی چیزوں کو ڈھانپ کر رکھنا کیوں ضروری ہے؟

# ح



حمّام



حجّام



حلوائی




حوض

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ح



"ح" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| س | ف | پ |
| ت | ج | چ |
| ج | چ | ح |

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# خ

خالہ میری پیاری ہیں
سب کو چاہنے والی ہیں




**برائے اساتذہ:**


- بچوں کو خالہ جان اور باقی رشتوں کی پہچان کروائیں اور ان کی اہمیت بتائیں۔ بچوں کو دوستوں اور رشتہ داروں میں فرق بتائیں۔
- بچوں سے مختلف رشتوں پر رول پلے کروائیں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** خالہ، خط، خربوزہ، خاموش، خرگوش۔

**سوچ کر بتائیں!**

خالہ کس رشتے کو کہا جاتا ہے؟

# خ


خَط




خَربُوزہ



خَرگوش



خَیمہ



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# خ

"خ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| خ | ف | پ |
| ت | ج | ش |
| ح | ص | چ |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# چار دوست

ج، چ، ح اور خ چاروں دوست تھے۔

انھیں کہیں سے انڈے ملے۔ ج نے ایک انڈا کھالیا۔

ج

چ نے ایک ساتھ تین انڈے کھالیے اور اُس کے پیٹ میں درد ہوگیا۔

چ

ح بہت اُداس تھا کیوں کہ اُسے ایک بھی انڈا نہ ملا۔

ح

خ کو بھی ایک انڈا ملا اُس نے وہ سر پر رکھ لیا۔

خ

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

برائے اساتذہ:

- بچوں کو یہ کہانی دل چسپ انداز میں سنائیں اور سمجھائیں۔

# اِعادہ

چ



ج



خ



ح



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

حروف کو تصاویر سے ملائیں۔

# کچھوا اور خرگوش




کچھوے اور خرگوش میں دوڑنے کا مقابلہ ہُوا۔

خرگوش تیز دوڑنے لگا اور کچھوے سے آگے نکل گیا۔

کچھوا آہستہ آہستہ منزل کی طرف چل پڑا۔

اچانک راستے میں دریا آ گیا۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



خرگوش پہلے ہی وہاں کھڑا سوچ رہا تھا کہ دریا کیسے پار کیا جائے؟

کچھوا مُسکرایا اور خرگوش کو اپنی کمر پر سوار کر لیا۔

دونوں نے مل کر دریا پار کیا اور دونوں ایک دوسرے کی جیت پر خوش ہوئے۔



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

خرگوش اور کچھوے کی کہانی کا رول پلے کروائیں۔ بچوں میں مل جُل کر کھیلنے کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلے کروائیں۔
بچوں کو مختلف گروہی سرگرمیوں کے ذریعے سے مل جُل کر کھیلنے پر آمادہ کریں، مثلاً رنگ بھرنے کا مقابلہ، گنتی، حروفِ تہجی پڑھنے کا مقابلہ وغیرہ۔

# واحد۔جمع



انڈا



انڈے



تارا



تارے



پودا



پودے

بچوں میں ایک اور ایک سے زیادہ چیزوں کا تصور جماعت میں موجود مختلف اشیا کو ملا کر واضح کریں مثلاً: پنسل ، پنسلیں کرسی ، کرسیاں ۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

دانیہ تھی بچّی بڑی سمجھ دار
اس کو تھا اپنے دادا دادی سے پیار
سفر کر کے آئے تھے وہ
چڑھ گیا اُن کو تیز بخار
دادا دادی جب ہوئے بیمار
وہ بَنی اُن کی خدمت گار


# د





**برائے اساتذہ:**


- بچوں کو بزرگوں کا خیال رکھنے کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ننھیال اور ددھیال کے رشتہ داروں کے بارے میں بتائیں۔ اور دلچسپ انداز سے رول پلے کروائیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: دال، دام، دلیہ، دُم، دُنبہ، درخت، داؤد۔

**سوچ کر بتائیں!**
بیمار کے لیے دُعا
کیوں کرنی چاہیے؟







درخت




دروازہ



دوات




دانت




پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



"د" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| د | ف | ڈ |
| ت | ڈ | ز |
| ث | خ | ش |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ڈ

ڈاکیا ڈاک لاتا ہے
سب کی خبر سُناتا ہے




Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

ڈوڈو گھر کے صحن میں کھیل رہا تھا کہ اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔ ڈوڈو جلدی سے دروازے کی طرف بھاگا تو امّی نے اُسے روکا اور سمجھایا کہ بڑوں کی اجازت کے بغیر دروازہ نہیں کھولنا چاہیے۔ پھر ڈوڈو نے کھڑکی سے جھانکا تو باہر ڈاکیا ڈبّا لیے کھڑا تھا۔ ڈوڈو نے امّی سے اجازت لی، دروازہ کھولا اور ڈاکیے سے ڈبّا لے لیا۔

**سوچ کر بتائیں!**

ڈاکیا کیا کام کرتا ہے؟

**برائے اساتذہ:**


بچوں کو بتائیں کہ کسی کے گھر اور کمرے میں بغیر اجازت داخل نہ ہوں۔
بچوں کو رابطے کے مختلف ذرائع کے بارے میں بتائیں، مثلاً: خط، ٹیلی فون، ای۔میل، وغیرہ۔

ذخیرۂ الفاظ: ڈبّا، ڈاکیا، ڈانٹ، ڈر، ڈالی۔






ڈول




ڈالی



ڈاکیا



ڈبّا




پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ڑ

"ڑ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ڑ | ف | ر |
| ت | ق | ز |
| د | خ | د |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# ذ

ذَخیرہ اَناج کا لائیں گے
سال بھر پھر کھائیں گے

ذَخیرہ اَناج کا رَکھ دو
سال بھر پھر چَکھ لو

گندم، چَاوَل، بَاجرہ اور جَو
گودام میں بوریاں رکھ دو




Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- اساتذہ بچوں سے کمرہ جماعت میں مختلف اشیا جمع کروا کے ذخیرہ کا تصوّر دیں۔
بچوں سے مختلف کھانے کی چیزوں کا ذائقہ معلوم کرنے کی سرگرمی کروائیں، مثلاً: کھٹی، میٹھی، کڑوی، نمکین
- ذخیرۂ الفاظ: ذخیرہ، ذہین، ذمہ داری، ذکیہ۔

**سوچ کر بتائیں!**
ہم اپنے گھروں میں اَناج ذخیرہ کیوں کرتے ہیں؟

# ذ

ذَخیرہ



ذخیرہ کا خاکہ بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ذ

"ذ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ذ | ف | ڈ |
| ک | ڈ | ز |
| د | خ | ق |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# شَرارتی بَندر

آج جنگل میں چہَل پہَل تھی۔ بادشاہ کا دربار لگا ہوا تھا۔

ہر جانور بادشاہ کے سامنے اپنا مسئلہ بیان کر رہا تھا۔

اتنے میں ہِرن بھاگتا ہوا آیا اور سب کو بتایا کہ شرارتی بندر درخت سے گر گیا ہے اور اس کو چوٹ لگ گئی ہے۔



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

یہ سُن کر ڈاکٹر بھالو دوڑتا ہوا اپنی دوائیوں والا ڈبا لایا اور بندر کو مرہم لگایا۔
سب جانوروں نے اس کی دیکھ بھال کی اور وہ جلد ٹھیک ہو گیا۔

جنگل میں پھر جشن کا سماں ہوا اور جانوروں نے خُوشی کے گیت گائے۔




چُوں چُوں چُوں ٹَیں ٹَیں ٹَیں




قَیں قَیں قَیں کائیں کائیں کائیں

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



**برائے اساتذہ:**

بچوں کو کہانی کی مدد سے سوال پوچھتے ہوئے آپس میں مل جل کر رہنے اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے کے فائدے بتائیں۔

# ر

ریل پٹڑی پر چلتی جائے
چھک چھک کرتی چلتی جائے

**مُکالمہ** امّی نے خوشی خوشی سب کو خبر سنائی کہ وہ خالہ کے بیٹے کی شادی پر رحیم یار خان جا رہے ہیں۔ امی اور رانیہ کے درمیان یہ گفت گو ہوئی:




امّی: رانیہ! ہم نے سفر پر جانے کی تیاری کرنی ہے۔

رانیہ: امّی! ہمیں کب جانا ہے؟

امّی: رانیہ! ہمیں دو دن بعد روانہ ہونا ہے۔

(پھر امّی نے رانیہ کو ضروری سامان کی فہرست دی۔)

امّی: رانیہ! فہرست میں لکھی تمام چیزیں احتیاط سے رکھ لینا ورنہ سفر میں اور وہاں پہنچ کر دقت ہوگی۔

رانیہ: جی امّی میں نے تمام ضروری چیزیں رکھنے کے بعد فہرست سے تصدیق کر لی ہے۔

امّی: شاباش بیٹی!

(دو دن کے بعد تمام لوگ وقت پر سٹیشن روانہ ہوئے اور ریل پر سوار ہو گئے۔)

ریل گاڑی




**برائے اساتذہ:**


- بچوں کو زمینی، فضائی اور بحری ذرائع آمد و رفت کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو سفر پر جانے کی تیاری کا رول پلے کروائیں۔
- بچوں سے مختلف چیزوں کی فہرست بنانے کی سرگرمی کروائیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: رائتہ، رسّی، روشنی، راستہ، روٹی، ربڑ۔

**سوچ کر بتائیں!**
سفری سامان کی فہرست کیوں ضروری ہے؟


Web Version of PCTB Textbook Not For Sale




ریچھ




رِکشا



روٹی




رُومال



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔





”ر“ پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ڑ | ب | ث |
| پ | ت | ز |
| ق | ر | ت |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ڑ

پہاڑ دیکھو کتنا بڑا ہے
پتھروں سے یہ مل کر بنا ہے
اللہ کی قدرت کا یہ شاہکار
اس کے نظاروں سے ہے سب کو پیار




Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale


**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو پاکستان کے مشہور پہاڑوں کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دُنیا کی دوسری بُلند ترین چوٹی کے۔ٹو (K-2) پاکستان میں ہے۔ بچوں کو پہاڑی جانوروں اور پرندوں کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں سے کھیل کے میدان میں مٹی کے پہاڑ بنوائیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: پہاڑ، پکوڑا، کلہاڑی، آڑو۔

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**
ماؤنٹ ایورسٹ دُنیا کی بُلند ترین چوٹی ہے۔

# ڑ

پہاڑ



آڑو



پہاڑ کا خاکہ بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ڑ

"ڑ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ڑ | ج | ژ |
| ت | ڈ | ز |
| ر | ف | چ |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ز

زُہرا کی گُڑیا پیاری پیاری
نِیلی نِیلی آنکھوں والی

رنگ ہے اِس کا گورا گورا

بال ہیں اس کے لمبے لمبے

گود میں آئے چُپ ہو جائے
آنکھیں میچے اور سو جائے



زیبرا



زنجیر

**برائے اساتذہ:**

بچوں کو جسم کے مختلف حصّوں کے نام بتائیں اور اُن کے پسندیدہ کھلونوں کے بارے میں پوچھیں۔


ذخیرۂ الفاظ: زمین، زیور، زنجیر، زیبرا۔

**سوچ کر بتائیں!**
آپ کا پسندیدہ کھلونا کون سا ہے؟


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ز


زمین


زنجیر


زیور


زیبرا

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ز



"ز" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ف | ج | ڑ |
| م | ڈ | ژ |
| ر | ز | چ |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ژ

ژالہ باری    دیکھو    آئی
سردی    کا    ہے    موسم    لائی

# ژالہ باری





**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو ژالہ باری سے متعلق کوئی کہانی سنائی جائے۔
- رُوئی کے گالے استعمال کرتے ہوئے ژالہ باری کی وضاحت کریں۔
  سفید کاغذ کے ٹکڑوں سے ژالہ باری کا منظر بنوائیں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** ژاژ، ژولیدہ، ژوب، ژرف، ژند۔

**سوچ کر بتائیں!**
کیا آپ نے ژالہ باری کا منظر دیکھا ہے؟



ژالہ باری



ژالہ باری کا خاکہ بنائیں۔

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ژ

حرف "ژ" پر دائرہ لگائیں۔

ژ　ج　ڑ

ز　ڈ　ق

ر　ش　چ




پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# اِعادہ

ژ



ڑ



ذ



د



ز



ر



حروف کو تصاویر سے ملائیں

WEB Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# س سورج مُکھی کی کہانی

میں ایک چھوٹا سا سورج مکھی کا بیج ہوں۔

ایک دن کسان مجھے دکان دار سے خرید کر اپنے گاؤں لے گیا۔

میں اُداس ہوگیا۔ مجھے اپنے دوستوں سے بچھڑنے کا دُکھ تھا۔ اور نئی جگہ جانے کا خوف بھی تھا۔




Web Version of PCTE Textbook
Not for Sale

اگلی صبح کسان مجھے اپنے ساتھ کھیت میں لے گیا۔ اُس نے مجھے میرے بہت سے نئے دوستوں کے ساتھ مٹی میں بو دیا۔

اوہ ہو! یہ کیا... !! اُس نے کھیت کو پانی لگانا شروع کر دیا۔



ٹھنڈے پانی نے مجھے سکون دیا اور میں نے سُکھ کا سانس لیا۔
پھر کچھ دن بعد میرے اندر سے میرے ہاتھ پاؤں نکلنے لگے۔ میں بہت خُوش تھا۔

اب زمین سے میرے باہر نکلنے کے دن تھے۔
میرے ہاتھ پتوں کی صورت زمین سے باہر نکلے اور میرے پاؤں زمین میں جڑوں کی طرح اندر بڑھنے لگے۔



پھر کچھ دنوں بعد، مَیں بڑا ہو کر ایک پودا بن گیا۔ میرا چہرہ سورج مکھی کا پھُول بن کر مسکرانے لگا۔
کسان یہ دیکھ کر خُوشی سے نہال ہو گیا۔ اسے اپنی محنت کا اور مجھے میرے صبر کا پھل مل گیا۔




**برائے اساتذہ:**

بچوں کو سورج مکھی کا پھول جماعت میں لا کر دکھایا جا سکتا ہے۔ بیج سے پودا بننے کے ضروری عوامل اور دیکھ بھال کے بارے میں بچوں کو بتائیں۔

بچوں کے ساتھ دھنیا، سفید چنا، لال لوبیا کے بیج کو گلاس میں اگانے کی سرگرمی کروائیں۔ بچوں کو روز مشاہدہ کروا کر بیج میں ہونے والی تبدیلیوں سے لے کر پودا نکلنے تک کے عمل کو ایک تصویری کتابچے میں بنوائیں۔

ذخیرۂ الفاظ: سیب، سمندر، سائنس دان، ساحل، ستارے، ساگ، سانپ۔

# س




سُورج



سِپاہی



سیب



سانْپ

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# س

حرف "س" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| س | ج | ض |
| ص | ش | ص |
| ر | ک | چ |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ش

شہد کا بول بالا ہے
اس میں شِفا اَعلا ہے




ایک جنگل میں شُترمُرغ اور شہد کی مکھی کی نئی نئی دوستی ہوئی۔ ایک دن شُترمُرغ نے دیکھا کہ شہد کی مکھی کسی کام سے باہر جا رہی ہے تو شُترمُرغ نے موقع پا کر چھتے میں سے شہد کھانا شروع کر دیا۔ شہد کی مکھی واپس آئی تو اس نے دیکھا کہ شُترمُرغ شہد کھا رہا ہے۔ مکھی نے ناراضی کا اظہار کیا کیوں کہ شُترمُرغ نے مکھی سے اجازت نہیں لی تھی۔ مکھی کی ناراضی دیکھ کر شُترمُرغ نے معافی چاہی اور وعدہ کیا کہ آیندہ وہ بغیر اجازت کسی کی کوئی بھی چیز استعمال نہیں کرے گا۔

**برائے اساتذہ:**

بچوں کو دوستی کے فوائد اور اصول بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ بغیر اجازت کسی کی چیز کو استعمال نہیں کرتے۔
بچوں کو حسنِ آداب سے متعلق الفاظ بولنے کی مشق روزانہ صبح کی ملاقات میں خصوصاً کروائیں۔

**ذخیرۂ الفاظ:** شوق، شک، شجر، شمع، شیر، شعلہ۔


**سوچ کر بتائیں!**
شہد کی مکھی کیوں ناراض ہوئی؟

# ش


شَاہین




شَمع



شَلجم



شمشیر



ش ش ش
ش ش ش
ش ش ش
ش ش ش
ش ش ش

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ش



”ش“ پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ز | ج | ڑ |
| ش | ج | س |
| س | ز | ڑ |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ص

صفائی کا رکھوں میں ہمیشہ دھیان
کیوں کہ یہ ہے نِصْف ایمان




Web version of PCTB Textbook
Not For Sale


- بچوں سے صفائی کے متعلق سوالات کریں، مثلاً صفائی کیوں ضروری ہے؟ ہم صاف رہنے کے لیے کیا کیا کر سکتے ہیں؟ کوڑا کرکٹ کہاں پھینکنا چاہیے؟
- سکول میں ہفتہ وار صفائی کا اہتمام کریں اور بچوں کو صابن سے ہاتھ دھونے کے بنیادی مراحل کی سرگرمی کروائیں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** صابن، صراحی، صاف، صندوق، صادق۔

**سوچ کر بتائیں!**

صاف ستھرا رہنا کیوں ضروری ہے؟

# ص

صوفہ




صَنْدُوق



صَابن




صُراحی



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ص

"ص" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ص | ج | ظ |
| ش | ط | س |
| ض | ز | ڑ |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ض

ضَعِیف کو ہم پانی پلائیں
ڈھیروں اس کی لیں دعائیں




Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

رول پلے کرواکر بزرگوں کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں ان کی مدد کی ترغیب دیں۔
مثلاً: ان کو پانی پلانا، چیزیں اٹھا کر دینا اور ان کے بیٹھنے کے لیے جگہ خالی کرنا۔
بچوں کو سرگرمی کے ذریعے سے بتائیں کہ پانی کو ضائع ہونے سے کیسے روکا جاسکتا ہے۔

والدین کو بچوں کی ڈائری کے ذریعے ترغیب سے دیں کہ اگر ان کے گھر میں بزرگ ہیں تو بچوں کو ان کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں مدد کرنی چاہیے۔

**ذخیرۂ الفاظ:** ضائع ، ضعیف ، ضد ، ضرورت ، ضرب۔

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**
پانی ضائع کرنے سے دُنیا مشکل میں پڑ سکتی ہے؟

ض

ضَعِیف



ضائع



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# ض


حرف "ض" پر دائرہ لگائیں۔

ض ج ص

ش ک س

ص ز ڑ





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ط

طَبِیب دَوا دیتا ہے

اللّٰہ شِفا دیتا ہے



Web Version of PCTB Textbook Not For Sale


**ہدایات:**

- بچوں کو دوا کے ساتھ ساتھ دعا کی اہمیت کے بارے میں بھی بتائیں۔ بچوں کو وقت پر دوا لینے کی ترغیب دیں۔
- بچوں کو گروہوں میں تقسیم کر کے مختلف پیشوں ڈاکٹر، سائنس دان، نرس کا رول پلے کروائیں۔
  بچوں سے پیپر پلیٹ سے ماسک بنوائیں۔
- والدین کی مدد سے کمیونٹی کا کوئی پراجیکٹ ترتیب دیں مثلاً ہسپتال میں بچوں کے وارڈ میں دعائیہ کارڈ تقسیم کرنا۔
- ذخیرۂ الفاظ: طبل، طبلہ، طوطا، طاق، طشتری، طوطی، طاہر۔

**سوچ کر بتائیں!**

ہم بیماریوں سے کس طرح محفوظ رہ سکتے ہیں؟


# ط




طوطا



طَبیب



طالبِ علم



طَاق

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ط

"ط" پر دائرہ لگائیں۔

ط ج ظ

ش ت س

ض ط ٹ





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ظ

کُمھار ظُرُوف بناتا ہے
پھر اُن کو بیچ کے آتا ہے

ظُرُوف





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**ہدایات:**

- بچوں سے مختلف پیشوں کُمھار، ترکھان، موچی، لوہار کے بارے میں بات کریں۔ اور ان کی اہمیت بتائیں۔
  بچوں کو مٹی کے برتنوں پر نقش ونگار کی ویڈیو دکھائی جا سکتی ہے۔
- بچوں سے چکنی مٹی کے ذریعے سے مٹی / پلے ڈو کے چھوٹے چھوٹے برتن بنوائیں اور رنگ کروائیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: ظُرُوف، ظن، ظالم، ظِلّ، ظہور، ظاہر۔

**سوچ کر بتائیں!**
مٹی کے برتنوں میں کھانا پکانے کے کیا فائدے ہیں؟

# ظ

ظروف



جگ کا خاکہ بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ظ

"ظ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ظ | ج | ل |
| ش | ط | س |
| ض | م | ق |





Web Version of PCTE Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# اِعادہ

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

س ش ص






ض ط ظ





حروف کو تصاویر سے ملائیں۔

# میرا خاندان




"میرا خاندان" کے ذریعے سے اساتذہ مذکر/مؤنث کا تصور دیں اور خاندان کی اہمیت واضح کریں۔

# ع

## بُوجھو تو جانیں!

میں آنکھوں کو چھُپاؤں
ناک پہ ہمیشہ رکھی جاؤں
پہن کر مجھے نظر آئے صاف
کون ہوں مَیں؟ بتاؤ آپ



**سوچ کر بتائیں!**
عینک کیوں لگائی جاتی ہے؟

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو دل چسپ طریقے سے پہیلی پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آنکھوں کی حفاظت کیوں ضروری ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ ٹیلی وژن، موبائل فون، ٹیبلٹ، اور کمپیوٹر بہت قریب سے اور زیادہ دیکھنے سے نظر خراب ہو سکتی ہے۔
- بچوں کو پاکستان کی تاریخی عمارتوں کی تصاویر دکھائی جا سکتی ہیں۔ مثلاً مینارِ پاکستان، بادشاہی مسجد وغیرہ۔
- ذخیرۂ الفاظ: عدالت، عطر، عربی، عدل، عُنوان، عزّت۔

# ع

ع ع ع

ع ع ع

ع ع ع


ع ع ع

ع ع ع


عَینک



عِطر



عَوام



عَالِم



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ع



"ع" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ع | غ | ش |
| ق | ط | م |
| د | ظ | ڈ |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# غ

غُسل کرو روزانہ
بیماری کرو روانہ





غُسل کرو تُم روزانہ
بیماری کرو روانہ
ہاتھ دھو کر کھانا کھاؤ
نوالہ خُوب چباؤ
دانتوں کو تم رکھو صاف
جَراثِیم سے ان کو رکھو پاک
ناخنوں کی تم کرو کٹائی
سنّت ہے صحّت اور صفائی









Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو ذاتی صفائی کے بارے میں بتائیں۔
بچوں کو غسل کرنے، بیت الخلا صاف رکھنے، ناخن کاٹنے اور بالوں میں کنگھی کرنے کے طریقے بتائیں۔
کمرہ جماعت میں ذاتی صفائی کا چارٹ آویزاں کریں۔
- بچوں کو دانت صاف کرنے کے تمام مراحل کا مظاہرہ کروائیں۔ بچوں کو کمرہ جماعت صاف رکھنے کی ذمہ داریاں سونپیں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** غُبارہ، غُلیل، غار، غلاف، غم، غور۔

**سوچ کر بتائیں!**
صفائی کیوں ضروری ہے؟

# غ

غَلَط




غُبَارہ



غار




غُلیل



غ غ غ
غ غ غ
غ غ غ
غ غ غ
غ غ غ

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale





"غ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| غ | ص | ظ |
| ف | ط | ع |
| ع | ظ | گ |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ف

فوجی سرحد کے نگران
اپنے مُلک پہ یہ قربان



فوجی



فاختہ



فوّارہ

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

بچوں کو وطن کی حفاظت کا تصور دیں۔ بچوں کو افواجِ پاکستان کی مختلف ذمہ داریوں کے بارے میں بتائیں۔ بری، بحری اور فضائی فوج کے بارے میں بتائیں۔ ہمارے پیارے پاکستان کو حاصل کرنے میں ہمارے بزرگوں نے جو قربانیاں دیں، ان کو آسان الفاظ میں بیان کریں۔

سکول میں بچوں کے ساتھ قومی اور دفاعی دنوں کو جوش و خروش سے منائیں۔

**ذخیرۂ الفاظ:** فوجی، فٹ بال، فوّارہ، فقیر، فلاح۔

**سوچ کر بتائیں!**

ہماری سرحدوں کی حفاظت کون کرتا ہے؟

# ف




فاختہ



فَالُودَہ



فوجی



فوّارہ

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ف


”ف“ پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ف | غ | ظ |
| ط | گ | ع |
| ع | ے | ق |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ق

قائدؒ کی یہ بات عظیم
ایمان، اتّحاد اور تنظیم



## قائدِاعظم محمد علی جناحؒ، بانیِ پاکستان

پیارے بچو! پاکستان ہمارے عظیم **راہ نما** قائدِاعظم محمد علی جناحؒ نے بنایا۔ آپ کراچی میں پیدا ہوئے۔

قائدِاعظمؒ بہت قابل انسان تھے۔ اُنھوں نے تمام مسلمانوں کو **ایمان**، **اتّحاد** اور **تنظیم** کا سَبَق دیا۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**سوچ کر بتائیں!**
آپ اپنے مُلک کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

**برائے اساتذہ:**


- بچوں کو کرنسی نوٹ پر قائدِاعظمؒ کی تصویر دکھا کر بات کریں کہ قائدِاعظمؒ ایک عظیم راہ نما تھے۔
- بچوں میں روزمرّہ کے کاموں میں مختلف ذمہ داریاں بانٹیں یعنی چُھٹّی کے وقت بتّی اور پنکھا بند کرنا، کمرہ جماعت کی اشیا اپنی اپنی جگہ پر رکھنا، کتابیں تقسیم کرنا وغیرہ۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** قینچی، قلم، قمیص، قوسِ قُزَح، قافلہ۔

# ق


قَینچی



قَلَم



قوسِ قُزَح



قَصّاب



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ق



"ق" پر دائرہ لگائیں۔

ق غ ظ

ش ے ع


ع س ف




ق ق ق ق

ق ق ق ق

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

 پنسل پھیریں اور لکھیں۔



# ک

## کتاب کی کہانی
## کتاب کی زبانی

مَیں ایک کتاب ہوں۔ مَیں سکول کی لائبریری میں رہتی ہوں۔
ایک دن ایک بچّہ مجھے لائبریرین سے پوچھ کر اپنے گھر لے گیا۔









Version of PCTB Textbook Not For Sale

**سوچ کر بتائیں!**
کتاب کو دوسرا بچّہ کیوں یاد آتا ہے؟

پہلے تو بڑے شوق سے میری تصویریں دیکھیں پھر مجھے زمین پر پھینک دیا۔

مجھے بڑا دکھ ہوا اور میرے صفحے بھی پھٹ گئے۔

کچھ دن بعد اس نے مجھے لائبریرین کو واپس کر دیا۔ لائبریرین نے اسے سمجھایا کہ اُسے کتاب کا خیال رکھنا چاہیے۔
پھر ایک دوسرا بچہ آیا اور مجھے لائبریری سے لے گیا۔ پہلے اس نے میرے پھٹے ہوئے صفحے جوڑے۔ پھر بہت پیار سے میری تصویریں دیکھنے لگا۔

وہ روزانہ مجھے پیار سے کھولتا، صفحے پلٹتا، پڑھتا اور پھر مجھے سنبھال کر رکھ دیتا۔ میں بہت خوش تھی۔






Web Version of PCTB Textbook


مجھے میرا خیال رکھنے والا وہ بچّہ بہت یاد آتا ہے۔

**برائے اساتذہ:**


- بچوں میں کتابوں سے پیار کا جذبہ پیدا کریں مثلاً ان کو پڑھنا اور صحیح طریقے سے استعمال کرنا سکھائیں۔
- بچوں کو لائبریری کے تصورات اور اصول و ضوابط کے بارے میں بتائیں۔
- کمرہ جماعت میں لائبریری کا گوشہ بنائیں، جس میں نئی پرانی کتابیں رکھیں اور بچوں کو مختلف اوقات میں کتابیں پڑھنے کا موقع دیں۔
- بچوں کو بہ حیثیت مشغلہ کتاب پڑھنے کی اہمیت بیان کریں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** کیڑا، کتاب، کنگھی، کمرہ، کڑاہی، کپڑا، کوٹ۔

# ک


کَشتی


کَبُوتر


کُچرا


کَنگھی

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale






"ک" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| س | غ | ط |
| ک | ے | ع |
| ع | ش | ق |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

ایک دن اُس کے بیٹے نے سائیکل خریدنے کی ضِد کی۔ کسان نے اُسے سمجھایا کہ سائیکل بہت مہنگی ہے۔ بچے نے ضِد کی تو کسان نے سوچا کہ وہ گائے بیچ دے، تاکہ اپنے بیٹے کو سائیکل دِلا سکے۔

**سوچ کر بتائیں!**

دُودھ کے کیا فائدے ہیں؟




**برائے اساتذہ:**


- بچوں کو بتائیں کہ زندگی گزارنے کے لیے ضروری چیزیں کون سی ہیں اور کون سی چیزیں خواہش کے زُمرے میں آتی ہیں مثلاً: جوتے یا گڑیا، کھانا یا چاکلیٹ۔
- بچوں کو بتائیں کہ ضد کرنا بری بات ہے۔
- بچوں سے ضرورت کی چیزوں اور خواہشات کی تصویری فہرست بنوائیں۔

# گ

گاجر



گُلاب کا پُھول



گینْد




گملا



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔





"گ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ب | غ | ظ |
| ق | گ | ع |
| ع | ق | ت |



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ل

شلوار قمیص ہمارا قومی لِباس
پَہَن کے اِس کو بَن جائیں خاص



**سوچ کر بتائیں!**

صاف سُتھرا لباس
کیوں پہننا چاہیے؟

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو لباس کی اہمیت، خصوصیت اور ضرورت کا تصور دیں مثلاً گرم، سرد لباس، علاقائی لباس، قومی لباس وغیرہ۔
بچوں کو قومی لباس کے ساتھ ساتھ مختلف ممالک کے لباس کا تصور بھی دیں تا کہ بچوں کے اندر عالمی برادری کے بارے میں معلومات کا اضافہ ہو۔
- بچے جماعت میں روایتی لباس پہن کر آئیں۔ بچوں کو تسمے باندھنا اور جرابیں پہننا بھی سکھایا جائے۔


**ذخیرۂ الفاظ:** لفظ، لکیر، لازم، لڈو، لاٹو، لیاقت۔

# ل

لوٹا




لُومڑی



لَٹُّو



لَڈُّو



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ل

"ل" پر دائرہ لگائیں۔

م غ ط

ق گ ل

ع ن ع






Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# اِعادہ

ع 

غ 

ف 

ق 

ک 

گ 

ل 

حروف کو تصاویر سے ملائیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# م

رَنگ برنگے پَر پھیلاؤں
دو پاؤں پہ ناچوں گاؤں
دُم ہے میری پرندے جیسی
لیکن پھر بھی اُڑ نہ پاؤں




**برائے اساتذہ:**


- بچوں کے ساتھ پہیلی کے انداز میں نظم پڑھیں۔ بچوں کو پہیلی بوجھنے کے بارے میں بتائیں۔
- والدین کو ڈائری کے ذریعے سے پیغام بھیجیں کہ وہ اپنے بچوں کو چڑیا گھر کی سیر کروائیں یا جانوروں کی تصاویر دکھائیں۔
- **ذخیرۂ الفاظ:** مور، میز، مسجد، ماموں، مقابلہ، مرغ، موم بتی، مقام۔

**سوچ کر بتائیں!**

مور کے علاوہ اور کون سے پرندے ہیں، جو اُڑ نہیں سکتے؟

# م


موم بتی




میز



مچھلی



مسجد




Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale


پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# م

"م" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ل | غ | ط |
| ک | ن | م |
| ی | ف | ق |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ن

نارِیل توڑ کے کھا جاؤ
پانی اس کا پی جاؤ

سخت سخت ہے میری چھال
چھال کے اُوپر میرے بال

اَنّدر بَیٹھے سفید رَانی
پیٹ کے اَنّدر میرے پانی

درخت پہ بیٹھا مَیں تیّار
ذائقہ میرا بڑا مزے دار



نارِیل

**برائے اساتذہ:**

اساتذہ ناریل کے بارے میں بات چیت کریں اور بچوں کو پہیلی کے بارے میں بتائیں۔
بچوں کو ناریل کے ذریعے سے نرم اور سخت کا تصور دیں۔

ذخیرۂ الفاظ: ناریل، نان، ناشپاتی، نل، ناک، نمرود۔

**سوچ کر بتائیں!**
ناریل کھانے کے کیا فائدے ہیں؟

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# ن

ناریل




نل




ناشپاتی



نان





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ن

"ن" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ل | غ | ظ |
| ک | ی | ع |
| ن | ک | م |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔



Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# و

ورزش کرو تُم روزانہ
ہوجاؤ تَن دُرست اور توانا







Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو صحت اور تن درستی کے فائدے بتائیں۔
- روزانہ صبح کی ملاقات میں بچوں کو ہلکی پھلکی ورزش کروا کر جماعت میں دل چسپی پیدا کریں۔
- بچوں کو مختلف کھیلوں مثلاً: والی بال وغیرہ کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو ورزش کے مختلف طریقے سکھائیں۔
- بچوں کو لکیر پر چلنے کی سرگرمی کروا کر ان کو چلتے ہوئے توازن برقرار رکھنا سکھائیں۔
- بچوں کو سیڑھیاں چڑھنے اور اترنے کا طریقہ سکھائیں۔

**ذخیرۂ الفاظ:** وظیفہ ، وقت، وسیلہ ، ووٹ ، وافر۔

**سوچ کر بتائیں!**

آپ کیسے ورزش کرتے ہیں؟

# و

وَردی



وُضو



وَرزِش



وَرَق



و و و
و و و
و و و
و و و
و و و

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# و

"و" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| د | ۓ | ط |
| ک | ن | ع |
| ر | ک | و |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ہ

ہاتھی آیا ہاتھی آیا
سُونڈ میں بھر کے پانی لایا

کان ہیں اس کے بڑے بڑے
دانت ہیں لمبے کھڑے کھڑے

ناک ہے اس کی لمبی لمبی
آنکھیں اس کی چھوٹی چھوٹی

ہاتھی تو بس ہاتھی ہے
بچّوں کا وہ ساتھی ہے



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale


**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو جانوروں اوران کے بچوں کی تصویریں دکھائیں ۔ بچوں کو ہاتھی اوراس کے بچے کی کہانی تصویر کی مدد سے سنائیں۔
- بچوں سے پیپر پلیٹ سے ہاتھی کا ماسک بنا کر پہنائیں ۔
- ذخیرۂ الفاظ: ہُود ، ہوا، ہاکی ، ہنزہ ، ہوٹل ۔


**سوچ کر بتائیں!**

ہاتھی کی سُونڈ کس کام آتی ہے؟

# ہ



ہاتھی



ہرن



ہاتھ

ہاتھ کا خاکہ بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ہ






"ہ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| د | غ | ء |
| ڈ | ے | م |
| ک | ہ | ء |

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ء



سنو بچو پتے کی بات
یہ ہیں کھانے کے آداب

ہاتھ دھو خُوب رگڑ کر
کھانا کھاؤ بِسم اللہ پڑھ کر

کھانا سیدھے ہاتھ سے کھاؤ
نوالے کو تم خُوب چباؤ

شُکر کرو اللہ کا ادا
جس نے کیا کھانا عَطا







## چائے


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**


بچوں کو کھانا کھانے کے آداب بتائیے مثلاً: کھانا چبا چبا کر کھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دسترخوان اور میز پر کھانا کھانے کے کیا آداب ہیں۔ مثلاً: دسترخوان پر پاؤں نہیں رکھتے، اپنے سامنے سے کھانا کھاتے ہیں۔ بچوں کو کھانا شروع کرنے اور ختم کرنے کے بعد کی دعائیں بتائیں۔

# ء

چائے



کپ کا خاکہ بنائیں۔



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



"ء" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ی | غ | ظ |
| ہ | ک | ء |
| ے | ع | ل |





Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ی

# آزادی کا دِن

آزادی کا دِن آیا ہے
خُوشیاں ساتھ لایا ہے

مل کر جُھومیں گائیں گے
مل کر جشن منائیں گے

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale




**برائے اساتذہ:**

- بچوں کو آسان الفاظ میں حب الوطنی اور آزادی کا تصور سمجھائیں۔
- بچوں کے ساتھ مل کر سکول میں ۱۴۔ اگست کی تقریب منعقد کریں۔
- بچوں کو پاکستان کی اہم شخصیات مقامات اور قومی ہیروز وغیرہ کی تصویریں یا ویڈیوز دکھائیں۔

**ذخیرۂ الفاظ:** یاسمین، یاسر، یاقوت، ، یمن، یامین۔

ی



یکّہ

پاکستان کے پرچم کا خاکہ بنائیں۔

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



"ی" پر دائرہ لگائیں۔

ن غ ظ

ہ ک ء

ء ی ے





پنسل پھیریں اور لکھیں۔



Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

# ے



تارے

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

**برائے اساتذہ:**


- بچوں کو دن اور رات کا تصور سورج اور چاند ستاروں کی مدد سے سمجھائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ "ے" سے کوئی لفظ نہیں شروع ہوتا یہ لفظ کی آخری آواز ہے۔
- حرف "ے" پر ختم ہونے والے الفاظ کی صحیح ادائی کر کے حرف "ے" کی صوتی پہچان کروائیں
مثلاً: تارے ، پودے، باجے۔
- بچوں کو گلوب اور ٹارچ کی مدد سے دن اور رات کے آنے جانے اور زمین کی سورج کے گرد حرکت کا تصور دیں۔

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

ایک دن میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔

# ے

تارے



دو تاروں کا خاکہ بنائیں

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ے



"ے" پر دائرہ لگائیں۔

ی غ ظ

ل ک ء

ء ے ی


Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# اِعادہ


ں


و


ہ


ء


ے


ی


حروف کو اُن کی پہلی یا آخری آواز رکھنے والی تصویر سے ملائیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# لکھائی کی مشق

ا آ

ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز

س ش ص ض

ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م

ن و ہ ء ی ے

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

"ا" تا "ے" حروفِ تہجّی پر پنسل پھیریں اور پڑھیں۔

# بھاری آوازیں

بھ = بَھینْس



پھ = پُھول



تھ = تھالی



جھ = جُھولا



Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

بچّوں کو بھاری آواز والے حروف کی پہچان کروا کر مشق کروائیں۔

# بھاری آوازیں

چھ = چھتری



دھ = دھوبی



ڈھ = ڈھول



ڑھ = ریڑھی



Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

بچوں کو بھاری آواز والے حروف کی پہچان کروا کر مشق کروائیں۔

# بھاری آوازیں

کھ = کھلونے



گھ = گھوڑا



لھ = چولھا



مھ = کمھار



Sample version of PCTB Textbook Not For Sale

بچوں کو بھاری آواز والے حروف کی پہچان کروا کر مشق کروائیں۔

ا آ

ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث ج جھ چ چھ

ح خ د دھ ڈ ڈھ ذ ر رھ ڑ ڑھ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک کھ گ

گھ ل لھ م مھ ن نھ و ہ ء ی ے


ی ہ ن غ ظ ص ز ر ڈھ د گھ چ ٹ ت

بھ ا ے آ س ء ت و پ نھ پھ مھ تھ م

ٹھ لھ ث ل ج جھ گ ط چھ کھ ح ک خ ق

دھ ف ڈ ع ذ رھ ڑ ض ڑھ ش ژ

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale



- بچّوں کو اُردو کے حُروفِ تہجّی آوازوں کے ساتھ پڑھائیں اور وقتاً فوقتاً دہرائیں۔
- جماعت میں حروفِ تہجّی کے چارٹ آویزاں کریں۔

# مصوّتوں کی پہچان




بچوں سے چاروں انگلیوں پر مصوّتے (ا۔و۔ی۔ے) لکھوا کر صحیح حروف کو ساتھ ملا کر ارکان کی دُرست ادائی کروائیں۔ بچوں کو بتائیں مصوّتوں کے بغیر لفظ نہیں بن سکتا۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

# ارکان سازی

| حروفِ صحیح / مصمتے | حروفِ علّت / مصوّتے (ا۔و۔ی۔ے) | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ا | و | ی | ے |
| ب | با | بو | بی | بے |
| پ | پا | پو | پی | پے |
| ت | تا | تو | تی | تے |
| ٹ | ٹا | ٹو | ٹی | ٹے |
| ث | ثا | ثو | ثی | ثے |
| ج | جا | جو | جی | جے |
| چ | چا | چو | چی | چے |
| ح | حا | حو | حی | حے |
| خ | خا | خو | خی | خے |
| د | دا | دو | دی | دے |
| ڈ | ڈا | ڈو | ڈی | ڈے |
| ذ | ذا | ذو | ذی | ذے |

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

بچوں کو مصوّتوں کی پہچان کروا کر مختلف حروف مفرد اور مرکب کے ساتھ ملا کر کاغذ پر مشق کروائیں۔

# ارکان سازی

| حروفِ صحیح / مصمتے | حروفِ علّت / مصوّتے (ا۔و۔ی۔ے) | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ا | و | ی | ے |
| ر | را | رو | ری | رے |
| ڑ | ڑا | ڑو | ڑی | ڑے |
| ز | زا | زو | زی | زے |
| س | سا | سو | سی | سے |
| ش | شا | شو | شی | شے |
| ص | صا | صو | صی | صے |
| ض | ضا | ضو | ضی | ضے |
| ط | طا | طو | طی | طے |
| ظ | ظا | ظو | ظی | ظے |
| ع | عا | عو | عی | عے |
| غ | غا | غو | غی | غے |
| ف | فا | فو | فی | فے |

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

بچوں کو مصوتوں کی پہچان کروا کر مختلف مفرد اور مرکب حروف کے ساتھ ملا کر کاغذ پر مشق کروائیں۔

# ارکان سازی

| حروفِ صحیح / مُصمتے | حروفِ علّت / مصوّتے (ا۔و۔ی۔ے) | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ا | و | ی | ے |
| ق | قا | قو | قی | قے |
| ک | کا | کو | کی | کے |
| گ | گا | گو | گی | گے |
| ل | لا | لو | لی | لے |
| م | ما | مو | می | مے |
| ن | نا | نو | نی | نے |
| و | وا | وو | وی | وے |
| ہ | ہا | ہو | ہی | ہے |
| ء | ئا | ؤ | ئی | ئے |
| ی | یا | یو | یی | یے |
| | | | | |
| | | | | |

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

بچوں کو مصوتوں کی پہچان کروا کر تمام حروف کے ساتھ ملا کر کاغذ پر مشق کروائیں۔

# تخلیقی لکھائی




Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

- بچوں سے سوالات کے ذریعے دماغی مشق کروائیں مثلاً: ان کو سیب، بلّی، گھڑی کی تصویر دکھا کر مشق کروائیں۔ یہ کیا ہے؟، یہ بلّی کیسی نظر آ رہی ہے؟، بلّی کیا پیتی ہے؟ وغیرہ۔

# رموزِ اوقاف سیکھیں

## ختمہ کی علامت (۔) کا استعمال

آ بابا آ۔

دادی آ۔

بابا باجا لایا۔

## سوالیہ کی علامت (؟) کا استعمال

آپ کا نام کیا ہے؟

میرا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

آپ کی عُمر کتنی ہے؟

میری عُمر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سال ہے۔

Web Version of PCTB Textbook
Not For Sale

بچوں کو جملہ سازی میں ختمہ کی علامت (۔) اور استفہامیہ/سوالیہ کی علامت (؟) کا استعمال مثالوں سے واضح کریں۔
بچوں کو بتائیں کہ جملے کے اختتام پر ختمہ کی علامت (۔) کا استعمال کرتے ہیں اور سوالیہ جُملے کے آخر میں سوالیہ کی علامت (؟) لگاتے ہیں۔



# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد　　کِشورِ حَسین شاد باد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان　　ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد
پاک سَرزمین کا نِظام　　قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت　　پایندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد
پَرچمِ ستارہ و ہِلال　　رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال　　جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور